© rasailojaraid.com



کی علامت ہو گی اور اگر اُسکو پریشان دیکھے اور اس پر پرانے کپڑے ہوں یا وہ پریشان، غصے کی حالت میں ہو تو یہ علامت ہو گی کہ آخرت میں اس کی حالت بُری ہے۔ اسی طرح اُس کو بیمار دیکھے تو وہ اپنے گناہوں کی سزا بھگت رہا ہو گا" (تعبیر الرؤیا طبع مصر ص ۳۶)

## موت کی دُعا کرنا ؟

سوال: اکثر اوقات کسی پریشانی یا تکلیف کے باعث لوگ اپنی موت کی تمنا کرتے ہیں کیا یہ درست ہے ؟ (عبدالرحمان: تلہ گنگ)

جواب: اگر تو مایوسی اور نا اُمیدی کے باعث ایسی دُعا کرتا ہے تو نا جائز ہے۔ حدیث میں ہے:-

لا يتمنين احدكم الموت من ضر اصابه،

"کہ تم میں سے کوئی کسی تکلیف کے باعث موت کی تمنا ہرگز نہ کرے" (بخاری، مسلم، ابو داؤد ترمذی، نسائی، ابن ماجہ، دارمی، ابن سعد، مسند احمد، طبرانی)

لیکن اگر اپنے دین کے حق میں نقصان سمجھے یا کسی فتنہ کے خوف سے دعا مانگے تو یہ درست اور جائز ہے "فقہ السنۃ" میں ہے۔

"اگر یہ خوف کرے کہ اس کے دین کے معاملے میں فتنہ ہے تو موت کی تمنا بلا کراہت جائز ہے"

چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ دُعا مروی ہے کہ:-

اللهم انى اسالك فعل الخيرات وترك المنكرات وحب المساكين وان تغفر لى وترحمنى واذا اردت فتنة فى قومى فتوفنى غير مفتون (ترمذی وقال حسن صحیح) (ج ۱، ص، ۳۱۸)

## کُتب سابقہ اور مُسلم مفسرین ؟

سوال: عموماً کہا جاتا ہے کہ مُسلم مفسرین نے کتب سابقہ اور اہل کتاب کے لٹریچر کا مطالعہ کیے بغیر تفاسیر میں ان کی بے سر و پا روایات نقل کی ہیں۔ اس مسئلہ کی کیا حقیقت ہے۔ (عطاء المجید از ہر کبیر والا)

بقیہ صفحہ ۔۔۔ پر

© rasailojaraid.com